آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمد پور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر ٹیلیفون نمبر: 062-2508053 موبائل: 0301-7740405

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

مینجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 19 | بروز اتوار یکم فروری 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 292

بلوچستان میں آپریشن مکمل، خودکش حملہ آوروں سمیت 92 دہشتگرد ہلاک، 15 جوان اور 18 عام شہری شہید

31 جنوری 2026 کو بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے بلوچستان میں امن وامان کو خراب کرنے کی غرض سے کوئٹہ، مستونگ، نوشکی، دالبندین، خاران، پنجگور

تمپ، گوادر اور پسنی کے علاقوں میں متعدد دہشت گردانہ کارروائیاں کیں؛ ان بزدلانہ دہشت گردانہ کارروائیوں کا مقصد بلوچستان کے مقامی عوام کی زندگیوں اور صوبے کی ترقی کو متاثر کرنا تھا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے 12 مقامات پر حملے ناکام بناتے ہوئے سیکیورٹی فورسز نے کارروائیوں میں 92 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ مادر وطن کا دفاع کرتے ہوئے 15 جوان شہید اور 18 سویلین جاں بحق ہوئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق 31 جنوری 2026 کو بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں نے بلوچستان میں امن وامان کو خراب کرنے کی غرض سے کوئٹہ، مستونگ، نوشکی، دالبندین، خاران،

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ پنجاب کا رمضان نگران اور مریم نواز کا راشن کارڈ پروگرام

کمشنر سوشل سیکورٹی ذوالفقار علی کھرل کا صنعتی یونٹس کا دورہ

رجسٹرڈ ورکرز میں راشن کارڈ کی تقسیم کا جائزہ

لاہور (سی ایم لنکس) کمشنر سوشل سیکورٹی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عالمی ثالثی عدالت کا بھارت کو پاکستانی دریاؤں پر بجلی منصوبوں کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم

پاکستان کو سندھ طاس معاہدہ کے تنازع میں بھارت کے خلاف اہم کامیابی حاصل ہوگئی

دی ہیگ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کو سندھ طاس معاہدہ کے تنازع میں بھارت کے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پنجاب ایگری کلچر فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا افتتاح، پورے ملک کی خدمت کریگی: وزیراعظم

وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز کو افتتاح کے بعد لیبارٹری کے کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ دستاویزی فلم میں وزیراعلیٰ مریم نواز کے اقدامات کا تفصیلی احاطہ بھی کیا گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے پنجاب ایگری کلچر فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا افتتاح کر دیا اور کہا کہ اس کی ڈرگ لیبارٹری پورے ملک کی خدمت کرے گی۔ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس

اجلاس کی صدارت ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے کی

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت ضلع بھر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے حوالے سے ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں اشیائے خورد ونوش کی سرکاری نرخوں پر فراہمی، گراں فروشی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بار کے نومنتخب رجیم کی تقریب حلف برداری نوجوڈیشل کمپلیکس میں منعقد ہوئی

مہمان خصوصی جسٹس صادق محمود خرم جج لاہور ہائی کورٹ لاہور اور زبیر شہزادہ کیانی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بہاولپور سینئر سول جج بہاولپور تھے

جنہیں پولیس کے دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا وکلا نے پرتپاک استقبال کیا

احمد پور شرقیہ (جمشید اقبال بھٹی سے) بار کے نومنتخب رجیم کی تقریب حلف برداری نوجوڈیشل کمپلیکس میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی جسٹس صادق محمود خرم جج لاہور ہائی کورٹ لاہور اور زبیر شہزادہ کیانی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بہاولپور سینئر سول جج بہاولپور تھے جنہیں پولیس کے دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا وکلا نے پرتپاک استقبال کیا تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے کیا گیا جس کی سعادت ماہر قانون دان حافظ مظفر کریم مغل ایڈووکیٹ نے حاصل کی حمد وثنا باری تعالیٰ

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھیں گے: شہباز شریف

وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الہندوستان کی جانب سے بلوچستان کے امن کو نشانہ بنانے کی مذموم کوشش کو بری طرح ناکام بنانے اور دشمن کے ارادوں کو خاک میں ملانے پر سکیورٹی فورسز کے افسران وجوانوں کی پذیرائی کی

انہوں نے کوئٹہ، نوشکی، دالبندین، پسنی اور گوادر میں 12 مقامات پر فتنہ الہندوستان کے منظم حملوں کو ناکام بنانے اور 58 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسران واہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی



اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان میں مادر وطن پر قربان ہونے والے 10 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے عفریت کے مکمل خاتمے تک جنگ جاری رکھیں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے فتنہ الہندوستان کی جانب سے بلوچستان کے امن کو نشانہ بنانے کی مذموم کوشش کو بری طرح ناکام بنانے اور دشمن کے ارادوں کو خاک میں ملانے پر سکیورٹی فورسز کے افسران وجوانوں کی پذیرائی کی۔ انہوں نے کوئٹہ، نوشکی، دالبندین، پسنی اور گوادر میں 12 مقامات پر فتنہ الہندوستان کے منظم حملوں کو ناکام بنانے اور 58 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر سکیورٹی فورسز کے افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ وزیراعظم نے گزشتہ 48 گھنٹوں میں مختلف آپریشنز میں بھارتی پشت پناہی میں سرگرم 88 دہشت گردوں کو جہنم رسید

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سعودی عرب روشنی کی طرف بڑھ رہا ہے

سعودی وزیر دفاع سے ملاقات کے بعد امریکی سینیٹر لنڈسے گراہم کا بیان

واشنگٹن (سی ایم لنکس) امریکی سینیٹر

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے: ڈپٹی کمشنر بہاولپور

ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ آؤٹ ڈور میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر سال 2026 کی پہلی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا بہاول وکٹوریہ ہسپتال میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے بہاول وکٹوریہ ہسپتال کے شعبہ آؤٹ ڈور میں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر سال 2026 کی پہلی انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی سربراہی میں وفد کا ہسپتال کا دورہ

، گورنر سندھ کی والدہ کی عیادت اور جلد صحتیابی کیلئے دعا

کراچی (سی ایم لنکس) چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان اور وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی سربراہی میں وفد نے گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری کی والدہ کی عیادت کیلئے ہسپتال کا دورہ کیا۔ ہفتہ کو گورنر ہاؤس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وفد میں ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار، امین الحق اور وسیم اختر بھی شامل تھے۔ سینٹرل آرگنائزیشن کمیٹی کے اراکین نے بھی گورنر سندھ کی والدہ کی عیادت کی۔ وفد نے گورنر

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات، امین عباسی ایک بار پھر صدر منتخب

چیئرمین الیکشن کمیٹی محمد اکبر شیخ نے الیکشن کے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے تمام عہدیداران کے بلا مقابلہ کامیاب قرار دیا

بہاول پور: بہاولپور یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات میں کامیاب ہونیوالے عہدیداروں کا گروپ فوٹو۔

بہاول پور (پ ر) بہاول پور یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات آمین عباسی ایک بار پھر صدر منتخب، امجد محمود اعوان جنرل سیکرٹری بن گئے۔ تفصیل کے مطابق چیئرمین الیکشن کمیٹی محمد اکبر شیخ نے الیکشن کے نتائج کا اعلان کرتے ہوئے تمام عہدیداران کے بلا مقابلہ کامیاب قرار دیا جس کے مطابق امین عباسی دوسری بار صدر منتخب

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پرووائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ایگری کیمونٹی کالج فیکلٹی آف ایگریکلچر اینڈ انوائرنمنٹ اسلامیہ یونیورسٹی بہاول پور کے زیر اہتمام اعلیٰ سطح اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عدالتی رپورٹرز عدلیہ اور عوام کے درمیان ایک پل کا کردار ادا کرتے ہیں، رانا اقبال خان

صوبائی وزیر قانون نے کورٹ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی ہے

لاہور (سی ایم لنکس) صوبائی وزیر قانون رانا محمد اقبال خاں نے کورٹ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کامیابی سے مکمل ہونے پر نو منتخب عہدیداران کو تہہ دل سے مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے مبارکبادی پیغام میں صوبائی وزیر قانون نے کہا کہ انتخابات کا شفاف، جمہوری اور منظم انعقاد قابل تحسین ہے اور یہ مضبوط صحافتی

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

چیمبر میں گھس کر وکلا پر تشدد کرنیوالے ملزمان کیخلاف مقدمہ درج کر لیا گیا

میں کامران، نعیم، وسیم اور فیاض احمد کے خلاف زیر سماعت مقدمات میں بطور وکیل پیش ہو رہا ہوں

جس کا انہیں رنج تھا۔ گزشتہ روز پیشی کے بعد فیاض احمد، کامران میرے چیمبر میں زبردستی گھس آئے اور مجھ پر حملہ کر دیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) چیمبر میں گھس کر وکلا پر تشدد کرنے والے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا۔ تفصیل کے مطابق نوید احمد شیخ ایڈووکیٹ نے تھانہ سٹی کو بتایا کہ میں کامران، نعیم، وسیم اور فیاض احمد کے خلاف زیر سماعت مقدمات میں بطور وکیل پیش ہو رہا ہوں۔ جس کا انہیں رنج تھا۔ گزشتہ روز پیشی کے بعد فیاض احمد، کامران میرے چیمبر میں زبردستی گھس آئے اور

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاول پور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوچ شریف میونسپل کمیٹی میں اہم انتظامی فیصلہ

عدنان نواز کو لوکل فنڈ آڈٹ کا اضافی چارج سونپ دیا گیا

اوچ شریف میونسپل کمیٹی میں شفافیت کے فروغ کیلئے عدنان نواز کو لوکل فنڈ آڈٹ کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) میونسپل کمیٹی اوچ شریف میں ایک اہم انتظامی فیصلہ سامنے آیا ہے جس کے تحت عدنان نواز کو لوکل فنڈ آڈٹ کا اضافی چارج سونپ دیا گیا ہے۔ اس موقع پر سجاد حسین بھٹی اور سابق چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اوچ شریف ریاض احمد بھی موجود تھے۔ شرکا نے عدنان نواز کی تقرری کو میونسپل کمیٹی میں شفافیت اور مالیاتی نظم وضبط کے فروغ کے لیے ایک مثبت قدم قرار دیا۔ میونسپل حکام کا کہنا ہے کہ عدنان نواز کی ذمہ داری سنبھالنے سے کمیٹی کے فنڈز کے استعمال

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف، سفارتکار اور دیگر شرکاء پنجاب ایگریکلچر فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کی افتتاحی تقریب میں قومی ترانے کے احترام میں کھڑے ہیں۔

ڈی جی آئی ایس پی آر کی گوادر یونیورسٹی میں معلوماتی نشست

ڈی جی آئی ایس پی آر کی یونیورسٹی آف گوادر آمد پر اساتذہ، فیکلٹی ممبران اور طلباء کی جانب سے شاندار استقبال کیا گیا

راولپنڈی (سی ایم لنکس) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کی گوادر یونیورسٹی میں اساتذہ اور طلباء کیساتھ خصوصی نشست ہوئی جس میں حالات حاضرہ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی یونیورسٹی آف گوادر آمد پر اساتذہ، فیکلٹی ممبران اور طلباء کی جانب سے شاندار استقبال کیا گیا جبکہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے قومی اور علاقائی صورتحال کے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہر میں بڑھتے ہوئے آتشزدگی کے واقعات اور بجلی سے لاحق خطرات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ متحرک ہوگئی

اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ محمد نوید حیدر نے ریسکیو 1122 اور واپڈا حکام کے ہمراہ مختلف مارکیٹوں، کمرشل پلازوں

دکانوں اور بلند وبالا عمارتوں کا اچانک دورہ کرتے ہوئے فائر سیفٹی اور حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا

اوچ شریف (کرائم رپورٹر) شہر میں بڑھتے ہوئے آتشزدگی کے واقعات اور بجلی سے لاحق خطرات کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ متحرک ہو گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ محمد نوید حیدر نے ریسکیو 1122 اور واپڈا حکام کے ہمراہ مختلف مارکیٹوں، کمرشل پلازوں، دکانوں اور بلند و بالا عمارتوں کا اچانک دورہ کرتے ہوئے فائر سیفٹی اور حفاظتی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اوچ شریف: اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ محمد نوید حیدر فنانس سیکرٹری قاضی محمد نعیم اور ریسکیو 1122 اور واپڈا حکام کے ہمراہ اوچ شریف کی مارکیٹوں اور بلند عمارتوں کا اچانک معائنہ کرتے ہوئے فائر سیفٹی آلات اور ہنگامی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا شہداء کو خراج عقیدت

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے غیر متزلزل ہمت کیساتھ دشمن کا مقابلہ کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان نے بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب اور فیصلہ کن آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'X' پر جاری اپنے ایک پیغام میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کے بہادر جوانوں نے ملک کی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سونے کی قیمتوں میں آج بھی بہت بڑی کمی، عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سستا ہوگیا

کراچی (سی ایم لنکس) سونے کی قیمتوں میں آج مزید کمی ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونا سستا ہوگیا۔ بین

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حویلیاں سمیت خطہ ہزارہ کی ترقی میری ترجیحات میں شامل ہے

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کی حویلیاں ریلوے اسٹیشن پر میڈیا سے گفتگو

حویلیاں (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے حویلیاں ریلوے اسٹیشن پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ان کی آمد کو عوام نے جلسے کی شکل دے دی، جس پر وہ حویلیاں کے عوام کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حویلیاں ریلوے اسٹیشن ایک تاریخی حیثیت رکھتا ہے اور ان کا ذاتی تعلق بھی خطہ ہزارہ سے ہے، اسی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی اس وقت سب سے زیادہ غیر محفوظ ہے: امیر جماعت اسلامی

ایک کے بعد دوسرا سانحہ ہو رہا ہے، کل بھی شہر میں 17 سے 18 جنازہ اٹھائے گئے

کراچی (سی ایم لنکس) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ شہر کراچی اس وقت سب سے زیادہ غیر محفوظ ہے، ایک کے بعد دوسرا سانحہ ہو رہا ہے، کل بھی شہر میں 17 سے 18 جنازہ اٹھائے گئے۔ کراچی میں پریس کانفرنس سے گفتگو کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ 2 ہفتے گزرنے کے باوجود گل پلازا کے شہداء

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تھرپارکر: مزید 6 زیر علاج بچے دم توڑ گئے، تعداد 50 ہوگئی

تھرپارکر (سی ایم لنکس) تھرپارکر میں غذائی قلت اور بیماریوں کے باعث 5 روز کے دوران سول اسپتال مٹھی میں زیر علاج مزید 6 بچے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی ٹی آئی کی 13 سالہ کارکردگی قابلِ فخر نہیں: سراج الحق

خیبرپختونخوا حکومت اکیلے دہشت گردوں کے خلاف اقدامات نہیں کر سکتی

کرک (سی ایم لنکس) سابق امیر جماعتِ اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی 13 سال کی کارکردگی قابل فخر نہیں، سہیل آفریدی کو پارٹی مصروفیات چھوڑ کر صوبے کی ترقی پر توجہ دینی چاہیے۔ جماعت اسلامی پاکستان کے سابق امیر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بانیٔ پی ٹی آئی خیریت سے اور ٹھیک ہیں: مصطفیٰ کمال

ہم نے سندھ حکومت کے ہیلتھ کیئر سسٹم کو بہتر کرنے کی کوشش کی۔

کراچی (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ بانیٔ پی ٹی آئی خیریت سے اور ٹھیک ہیں۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے اٹھارہویں ترمیم کے بعد سندھ حکومت کو جناح اسپتال نہیں دیا، ہم نے سندھ حکومت کے ہیلتھ کیئر سسٹم کو بہتر کرنے کی کوشش کی۔ مصطفیٰ کمال نے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فائر ہائیڈرینٹس کی تنصیب کیلئے موزوں اراضی کی نشاندہی اور فزیبلٹی کا تفصیلی جائزہ لیا

اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ محمد نوید حیدر نے میونسپل کمیٹی، تحصیل آفس اور ریسکیو 1122 کے افسران کے ہمراہ

اس موقع پر دستیاب انفراسٹرکچر پانی کی فراہمی رسائی کے راستوں اور ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف مقامات کا معائنہ کیا گیا

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر احمد پور شرقیہ محمد نوید حیدر نے میونسپل کمیٹی، تحصیل آفس اور ریسکیو 1122 کے افسران کے ہمراہ فائر ہائیڈرینٹس کی تنصیب کے لیے موزوں اراضی کی نشاندہی اور فزیبلٹی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر دستیاب انفراسٹرکچر پانی کی فراہمی رسائی کے راستوں اور ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف مقامات کا معائنہ کیا گیا۔ متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے اور جلد عملی اقدامات کی ہدایت کی گئی تاکہ شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔"

لاہور ہائیکورٹ کے مستقل ہونے والے گیارہ ججز نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھالیا

تقریب لاہور ہائیکورٹ کے سبزہ زار لان میں منعقد ہوئی

لاہور (سی ایم لنکس) لاہور ہائیکورٹ کے مستقل ہونے والے گیارہ ججز نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھا لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے مستقل ہونے والے ججز سے انکے عہدوں کا حلف لیا، تقریب میں وفاقی وزیر قانون

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ کا دورہ

اسا دوران بعض مسافر سوالات کے درست جواب دینے سے قاصر رہے

اسلام آباد/کراچی (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے جناح انٹرنیشنل ائیرپورٹ کا دو گھنٹے کا طویل دورہ کیا اور

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لیبارٹری آف لینڈ سرفیس پیٹرن اینڈ سمولیشن انسٹی ٹیوٹ آف جیوگرافک نیچرل ریسورس ریسرچ چائنیز اکیڈمی آف سائنسز بیجنگ چائنا اور سینٹر فار ایکولوجیکل سولائزیشن ریسرچ چائنیز ریسرچ اکیڈمی آف انوائرمینٹل سائنسز بیجنگ چائنا کے وفد اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے دورے کے موقع پر پرووائس عبدالرؤف اور سینئر فیکلٹی ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

اشتہار نیلام عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ اپنی دوکانات و خالی پلاٹس کرایہ داری کیلئے مورخہ 10/02/2026 بروز منگل بوقت 11:00 بجے دفتر میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ میں نیلام عام کر رہی ہے۔شرائط کرایہ داری پلاٹس، دوکانات ہائے و دیگر تفصیل وغیرہ دفتری اوقات میں دفتر میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ فنانس آفیسر صاحب سے ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔درج شدہ زرضمانت آفیسر نیلام کنندہ کے پاس بنک سے آن لائن CDR بنوا کر نیلام سے دودن پہلے جمع کروانا ہوگی۔اصل شناختی کارڈ ہمراہ لانا لازمی ہو گا۔میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ کا کوئی بقایادار/بلیک لسٹ بولی میں حصہ نہ لے سکے گا درج ذیل ہائے دوکانات، خالی پلاٹ کرایہ داری رولز پنجاب لوکل گورنمنٹ پراپرٹی رولز 2018ء اور تمام دیگر قوانین و گورنمنٹ ہدایات کے مطابق عمل میں لائی جائیگی۔

نمبر شمار	نام مارکیٹ	تفصیل دکانات	سرکاری بولی	زرضمانت	مدت
1	چبوترہ بازار مارکیٹ	دوکان نمبر 3	5500/-	30000/-	05 سال
2	چبوترہ بازار مارکیٹ	دوکان نمبر 1 سفید پلاٹ	5500/-	30000/-	10 سال BOT کے تحت
3	میٹ مارکیٹ	دوکانات نمبر 12,11 سفید پلاٹ	5000/-	50000/-	ایضاً
4	پرانی کمیٹی مارکیٹ	دوکانات نمبر 51,52 (بوسیدہ حالت میں)	3500/-	30000/-	ایضاً
5	پرانی کمیٹی مارکیٹ	سفید پلاٹ نمبر 61,60,50,46,45,44	3500/-	30000/-	ایضاً
6	چبوترہ بازار مارکیٹ	دوکان نمبر 1 (بوسیدہ حالت میں)	5500/-	30000/-	ایضاً
7	امیر عالم کالونی	سفید پلاٹ رقبہ 2007 مربع فٹ (رہائشی)	25000/-	50000/-	ایضاً

(نوٹ) شرائط و دیگر تفصیلات دفتری اوقات کار میں دفتر میونسپل آفیسر (فنانس)، میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

(فرخ عدنان سندھو)
چیف آفیسر
میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ

(محمد نوید حیدر)
ایڈمنسٹریٹر
میونسپل کمیٹی احمد پور شرقیہ

IPB-73

بقیہ نمبر 01

پنجگور، تمپ، گوادر اور پسنی کے علاقوں میں متعدد دہشت گردانہ کارروائیاں کیں۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ ان بزدلانہ دہشت گردانہ کارروائیوں کا مقصد بلوچستان کے مقامی عوام کی زندگیوں اور صوبے کی ترقی کو متاثر کرنا تھا، مسلح افراد نے ضلع گوادر اور خاران میں معصوم شہریوں کو نشانہ بنایا، اور بلوچ خواتین، بچوں، بزرگوں اور مزدوروں سمیت اٹھارہ معصوم شہریوں کو شہید کیا۔سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے فوری ردعمل دیتے ہوئے دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا اور کلیئرنس آپریشن کے دوران دو خودکش بمباروں سمیت 92 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا، فورسز نے کارروائیوں کے دوران مقامی آبادی کے تحفظ کو یقینی بنایا۔بدقسمتی سے، کلیئرنس آپریشنز اور شدید جھڑپوں کے دوران وطن کے 15 بہادر سپوتوں نے دلیری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا اور عظیم قربانی دی۔آئی ایس پی آر کے مطابق متاثرہ علاقوں میں سینیٹائزیشن آپریشنز مسلسل جاری ہیں اور ان مکروہ اور بزدلانہ کارروائیوں کے منصوبہ سازوں، سہولت کاروں اور معاونین کو، جو معصوم شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کو نشانہ بنا رہے ہیں انہیں انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ انٹیلی جنس رپورٹس نے واضح طور پر تصدیق کی ہے کہ یہ حملے پاکستان سے باہر موجود دہشت گرد سرغنوں نے منصوبہ بندی کے تحت کیے، جو کارروائی کے دوران براہ راست دہشت گردوں سے رابطے میں تھے۔اس سے قبل 30 جنوری کو پنجگور اور ہرنائی میں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے اکتالیس دہشت گرد ہلاک کیے گئے، یوں گزشتہ دو دنوں میں کامیاب کارروائیوں کے نتیجے میں بلوچستان میں جاری آپریشنز کے دوران ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی مجموعی تعداد 133 ہو چکی ہے۔علاقے میں موجود کسی بھی بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گرد کے خاتمے کے لیے سینیٹائزیشن آپریشنز جاری ہیں۔وفاقی ایپکس کمیٹی کی جانب سے نیشنل ایکشن پلان کے تحت منظور شدہ وژن عزم استحکام کے تحت پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بلاامتیاز اور مسلسل انسداد دہشت گردی مہم پوری رفتار سے جاری رہے گی تاکہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جا سکے۔قبل ازیں بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات میں ملوث دہشتگردوں کو جہنم واصل کرتے ہوئے شہید ہونے والے 9 پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔شہدا کی نماز جنازہ میں وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شرکت کی، اس کے علاوہ کور کمانڈر بلوچستان، صوبائی وزرا، اراکین اسمبلی اور آئی جی پولیس بلوچستان سمیت اعلی حکام بھی نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اس موقع پر کہا کہ ملک کی سلامتی کے لئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کو قوم سلام پیش کرتی ہے، قانون نافذ کرنے والے اداروں نے مستعدی اور کامیابی سے ان حملوں کو ناکام بنایا۔

بقیہ نمبر 02

ذوالفقار علی کھرل نے رجسٹرڈ ورکرز میں مریم نواز راشن کارڈز کی تقسیم کا جائزہ لینے کے لیے گلبرگ، قصور اور ساؤتھ زون میں صنعتی یونٹس کا دورہ کیا۔دوروں کے دوران، بائیومیٹرک کے عمل اور کارکنوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا گیا، اور کارکنوں سے بات چیت کے ذریعے براہ راست رائے لی گئی۔کارکنوں نے راشن کارڈ اور فراہم کردہ خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا۔سوشل سیکورٹی حکام نے کمشنر کو تقسیم کے عمل کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔کمشنر کھرل نے بتایا کہ مریم نواز راشن کارڈ پروگرام 3,000 روپے ماہانہ سبسڈی فراہم کرتا ہے، اور وزیراعلی پنجاب کے اعلان کردہ رمضان نگران پیکج کے تحت ہر رجسٹرڈ ورکر کو ماہ رمضان کے لیے 10,000 روپے کی سبسڈی ملے گی، جسے نقد رقم میں بھی نکالا جا سکتا ہے۔کمشنر نے ماڈل ٹاؤن ساؤتھ اور قصور کے ڈائریکٹوریٹ کے افسران سے بھی میٹنگ کی اور راشن کارڈ کی تقسیم کے عمل کو تیز کرنے کی ہدایت کی۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت کے مطابق ہر رجسٹرڈ ورکر تک رسائی اور سہولیات کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیح ہے اور راشن کارڈ کی تقسیم کی روزانہ مانیٹرنگ جاری ہے۔

بقیہ نمبر 03

خلاف اہم کامیابی حاصل ہوگئی۔عالمی ثالثی عدالت نے بھارت کو پاکستانی دریاں پر قائم پن بجلی منصوبوں کا ریکارڈ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔عالمی ثالثی عدالت نے حکم دیا کہ بھارت 9 فروری تک بگلہیار اور کشن گنگا کے آپریشنل لاگ بکس جمع کرائے، ریکارڈ فراہم نہ کرنے کی صورت میں بھارت کو باضابطہ وجہ بتانا ہو گی۔عالمی ثالثی عدالت نے کہا کہ پاکستان 2 فروری تک واضح کرے وہ کونسی دستاویزات چاہتا ہے، کیس کے دوسرے مرحلے کی سماعت 2 اور 3 فروری کو دی ہیگ میں ہوگی۔

بقیہ نمبر 04

کوافتتاح کے بعد لیبارٹری کے کام کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ دستاویزی فلم میں وزیراعلی مریم نواز کے اقدامات کا تفصیلی احاطہ بھی کیا گیا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ زرعی مصنوعات، ادویات کی شفاف نگرانی کیلئے اتھارٹی کا قیام وقت کی ضرورت ہے، امید ہے کہ اتھارٹی خطے میں سینٹر آف ایکسیلنس بنے گی۔وزیراعظم نے پنجاب میں اہم اقدامات پر وزیراعلی مریم نواز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شفافیت کو یقینی بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال ہمارا عزم ہے، سائنسدانوں اور ماہرین کی کاوشیں لائق تحسین ہیں۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب کو ان اقدامات پر سلام پیش کرتا ہوں، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی پنجاب ہی نہیں پورے ملک کی خدمت کیلئے بنائی گئی جبکہ جرائم کیخلاف ناقابل تردید ثبوت فراہم کرنیکیلئے فرانزک لیب کا جال بچھایا گیا ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلی پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ پنجاب ایگری کلچر فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا قیام عوامی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہے، پنجاب ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہے اور صوبے میں ڈیجیٹل انقلاب کا آغاز ہو چکا ہے، میرٹ پر کسی صورت سمجھوتہ نہیں ہوگا۔مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کی خدمت ہمارا شعار ہے، جدید لیب نہ ہونیسے برآمد کنندہ اور صارف نقصان اٹھا رہے تھے۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ سیٹلائٹ کرائم سین یونٹس کا دائرہ کار 38 اضلاع تک پھیلا رہے ہیں، پی اے ایف ڈی اے 10 سال کی محنت کا ثمر ہے، زرعی ملک ہونے کے باوجود ٹیسٹنگ لیب نہ ہونا لمحہ فکریہ تھا۔

بقیہ نمبر 05

کے خلاف جاری کارروائیوں اور عوامی ریلیف کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے دوران دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ گزشتہ ایک ماہ کے دوران گراں فروشوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں، جن کے نتیجے میں مجموعی طور پر 8 لاکھ 1 ہزار 500 روپے کے بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔بریفنگ میں بتایا گیا کہ ضلع بہاولپور میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے مجموعی طور پر 8 ہزار 605 انسپکشنز کیں، جن کے دوران 783 گراں فروشی جبکہ 4 ہزار 422 دیگر خلاف ورزیوں کے کیسز سامنے آئے۔اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ پرائس کنٹرول کی کارروائیوں کے دوران 4 ہزار 849 دکانداروں کو وارننگز جاری کی گئیں، 467 افراد کو جرمانے عائد کیے گئے جبکہ 37 مقدمات) ایف آئی آرز (بھی درج کی گئیں۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو اپنی کارکردگی مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی اور کہا کہ شہریوں کو حکومت کی جانب سے مقرر کردہ سرکاری نرخوں پر اشیائے خوردونوش کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے عوام دوست ویژن کے مطابق عام آدمی کو مہنگائی سے ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، جس کے لیے فیلڈ میں مؤثر، تسلسل کے ساتھ اور بلا امتیاز کارروائیاں ناگزیر ہیں۔ڈپٹی کمشنر نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ گراں فروشوں کے خلاف کسی قسم کی نرمی نہ برتی جائے اور بالخصوص عادی گراں فروشوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔انہوں نے کہا کہ سبزی، پھل، آٹا، چینی، دالیں اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھی جائے اور اچانک انسپکشنز کے ذریعے عوام کو حقیقی ریلیف فراہم کیا جائے۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو ہدایت کی کہ تمام دکانوں اور مارکیٹوں میں سرکاری پرائس لسٹیں نمایاں مقامات پر آویزاں ہونی چاہئیں، جبکہ عوامی شکایات کے فوری ازالے کو بھی یقینی بنایا جائے۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ عوامی مفاد کو مقدم رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں دیانت داری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کریں۔

بقیہ نمبر 06

شوکت علی سولنگی ایڈووکیٹ نے پیش کی سٹیج سیکرٹری کے فرائض نومنتخب جنرل سیکرٹری چوہدری عمران علی سندھو نے ادا کیے جسٹس صادق محمود خرم نے نئی رجیم سے حلف لیا اور انہیں مبارکباد اور جوڈیشیل کے ججز کو اعزازی ممبرشپ بار دی تقریب کے شرکا بار سے خطاب کرتے ہوئے کہا میرا احمد پورشرقیہ بار سے قریبی تعلق ہے میں یہاں سے بہت کچھ سیکھا ہوں آپ کی محبتوں کا بے حد مشکور ہوں صدر بار ملک تاج محمد ڈھکو ایڈووکیٹ نے بار کے وکلا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معززین تقریب ججز وکلا اور میڈیا کے نمائندگان کو ویلکم کہتا ہوں جنہوں نے اپنی مصروفیات میں سے ہمارے لئے وقت نکال کر ہمارے پاس آئے اور ہمیں عزت بخشی ہم بار اور بینچ کے رشتے کو مضبوط بنائیں گے آخر میں انہوں نے مہمان خصوصی جسٹس صادق محمود خرم کو اعزازی ممبرشپ بار دی ماہر قانون دان حافظ مظفر کریم مغل ایڈووکیٹ نے جسٹس صادق محمود خرم کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور ترا پہنایا اس کے بعد سابق صدر بار ماہر شوکت یار خان نے معزز مہمان جج کو سرائیکی اجرک پہنائی تقریب میں ممبر پنجاب بار کونسل بہاولپور ڈویژنل سید ذیشان حیدر بخاری چوہدری عمران حسین افضل دھرالہ صدر بار ہائی کورٹ بہاولپور چوہدری ندیم اقبال نے خصوصی شرکت کی تقریب حلف برداری کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے جن کی نگرانی سرکل ڈی ایس پی محمد جاوید نے کی تھی، بہترین تقریب حلف برداری کے انعقاد پر بار کے وکلا نے نومنتخب رجیم کو مبارکباد دی

بقیہ نمبر 07

کرنے پر ارض وطن کے محافظوں کو خراج تحسین پیش کیا اور شہدا کی بلندی درجات اور ان کے اہل خانہ کیلئے صبر کی دعا کی۔وزیراعظم نے کہا کہ مجھ سمیت پوری قوم کو اپنے شہدا پر فخر ہے، سکیورٹی فورسز کے افسران و جوان اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر ارض وطن کی حفاظت میں مصروف عمل ہیں۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور وزیر داخلہ محسن نقوی کا حملے ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو خراج تحسین پیش کیا۔محسن نقوی نے کہا کہ دہشتگردوں کے ناپاک عزائم کو خاک ملانے والے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں دہشتگرد حملوں کو ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ہماری سکیورٹی فورسز نے بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردی نیٹ ورک کی کمر توڑ دی۔انہوں نے کہا کہ سکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں کے بعد بھارتی سپانسرڈ دہشت گرد بوکھلاہٹ کا شکار ہیں۔علاوہ ازیں وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے بلوچستان میں حملے ناکام بنانے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ شہید اہلکاروں نے اپنی جان پر وطن کی حفاظت کو ترجیح دی، قوم ان کی مقروض ہے۔

بقیہ نمبر 08

لنڈ سے گراہم نے کہا ہے کہ سعودی عرب روشنی کی طرف گامزن ہے۔عرب نیوز کے مطابق یہ بیان انہوں نے سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان سے ملاقات کے بعد جاری کیا، جو اس وقت سرکاری دورے پر واشنگٹن میں موجود ہیں۔اپنے بیان میں سینیٹر گراہم نے کہا کہ 'گذشتہ دو دنوں میں سعودی عرب کے ساتھ میری بات چیت نے مجھے اس بات پر پُراعتماد کر دیا ہے کہ مملکت تاریکی کے بجائے روشنی کی طرف بڑھ رہی ہے۔سینیٹر گراہم نے یہ بھی کہا کہ وہ جلد سعودی عرب کے دورے کے منتظر ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ گذشتہ برسوں میں انہوں نے سعودی عرب کے ساتھ ایک مضبوط پیشہ ورانہ تعلق قائم کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ صدر ٹرمپ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے بڑے معترف ہیں۔میں نے وہ تبدیلیاں خود دیکھی ہیں جنہیں ولی عہد نے اپنایا ہے اور میں ان سے متاثر ہوا ہوں۔امریکی سینیٹر نے بتایا کہ سعودی وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان اور اس سے قبل سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان سے ملاقات کے بعدوہ اس بات پر قائل ہو چکے ہیں کہ سعودی عرب خطے کے لیے معاشی ترقی اور خوشحالی کو سب سے بہتر راستہ سمجھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ سعودی عرب مستقبل میں ایک پسندیدہ منزل بننا چاہتا ہے، تاکہ دنیا بھر سے لوگ آ کر اُس ملک کو دیکھیں جسے میں ایک شاندار ملک سمجھتا ہوں۔سعودی عرب مصنوعی ذہانت میں بھی ایک نمایاں قوت بننا چاہتا ہے، جس کا مطلب ہے کہ دنیا کے بہترین اور ذہین دماغ وہاں آئیں گے۔مجھے یقین ہے کہ یہی ولی عہد اور مملکت کا ہدف ہے۔

بقیہ نمبر 09

ہوگئے جبکہ سینئر نائب صدر پر فہد شفیق، نائب صدر محمد اکرم ناصر، جنرل سیکرٹری امجد محمود اعوان۔جوائنٹ سیکرٹری چوہدری شاہد بشیر، فنانس سیکرٹری میاں آصف کبیر، آفس سیکرٹری رضوان اشرف بلامقابلہ منتخب کرلیں گئے۔ممبران مجلس عاملہ پر جنید نذیر، راشد ہاشمی، اسلم آزاد، احسن انصاری، ملک مصطفیٰ چنڑ، عبدالحفیظ، ملک طارق، اشفاق احمد کامیاب قرار پائے۔اس موقع ممبر فیڈرل ایگزیکٹو اے مجید گل اور ملک نذر عباس گھلو و دیگر ممبران نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس موقع پر نومنتخب صدر امین عباسی نے خطاب کرتے ہوئے ممبران کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے مجھ پر اعتماد کرتے ہوئے صدر منتخب کیا۔انہوں نے کہا کہ بہاول پور یونین آف جرنلسٹس اپنی ایک درخشاں تاریخ رکھتی ہے جس نے ہمیشہ پی ایف یو جے کی کال پر لبیک کہتے ہوئے صحافت کا علم بلند رکھا اور صحافیوں کے مسائل کے حل کے لیے اپنی جدوجہد کو جاری رکھا۔سابق صدر وبانی ممبر پی ایف یو جے اے مجید گل نے اپنے خطاب میں نومنتخب صدر و دیگر عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہ پی ایف یو جے کی پوری تاریخ جدوجہد سے عبارت ہے آمریت کے خلاف تاریخ ساز جدوجہد کی جس میں صحافیوں نے جیلیں اور کوڑے تک برداشت کیے۔بہاول پور یونین آف جرنلسٹس عزم کرتی ہے کہ وہ قائد پی ایف یو جے افضل بٹ کی قیادت میں اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔نومنتخب جنرل سیکرٹری امجد محمود اعوان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دوستوں نے مجھ پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انشااللہ اس اعتماد پر پورا اترتے ہوئے صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ٹیم کو پہلے سے زیادہ متحرک کرینگے۔

بقیہ نمبر 10

سندھ سے خیریت دریافت کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور ایم کیو ایم پاکستان کے وفد نے گورنر سندھ کی والدہ کی جلد صحتیابی کے لئے دعا بھی کی۔

بقیہ نمبر 11

کہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس قومی فریضے کی ادائیگی میں کسی بھی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ ضلع بہاولپور میں انسداد پولیو مہم کا باضابطہ آغاز 2 فروری سے ہوگا جو 4 فروری 2026 تک جاری رہے گا، جبکہ 5 فروری کو رہ جانے والے بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کے لیے کیچ اپ پولیو ایکٹیویٹی منعقد کی جائے گی تاکہ کوئی بھی بچہ ویکسین سے محروم نہ رہ جائے۔انہوں نے کہا کہ اس مہم کے دوران ضلع بھر میں پانچ سال سے کم عمر 8 لاکھ 24 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔اس مقصد کے لیے 3276 موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو گھر گھر جا کر بچوں کو پولیو ویکسین پلائیں گی۔اس کے علاوہ 195 فکسڈ ٹیمیں اور 136 ٹرانزٹ ٹیمیں بھی تعینات کی گئی ہیں جو بس اڈوں، ریلوے اسٹیشنز اور دیگر اہم مقامات پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی۔ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران فیلڈ میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی، کوریج اور معیار کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنایا جائے گا۔اس مقصد کے لیے ضلع بھر میں 122 یونین کونسل مانیٹرنگ افسر تعینات کیے گئے ہیں جو مہم کے دوران مسلسل نگرانی کریں گے۔انہوں نے متعلقہ تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز اور ڈیوٹی افسران کو بھی ہدایت کی کہ فیلڈ میں کسی بھی قسم کی لاپرواہی، کوتاہی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلع بہاولپور کو پولیو فری بنانے کے لیے تمام مقررہ اہداف ہر صورت حاصل کیے جائیں گے اور اس سلسلے میں تمام متعلقہ محکمے باہمی تعاون کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 12

اقدار اور جمہوری روایات کی عکاسی کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ انتخابی عمل میں کورٹ رپورٹرز کی پرجوش شرکت ذمہ دار اور پیشہ ورانہ صحافت کے لیے ایک مثبت علامت ہے۔رانا محمد اقبال خان نے دنیا نیوز کے محمد اشفاق کو صدر، جنگ اخبار کے عمران احسان کو سینئر نائب صدر اور پی ٹی وی کے شیخ زین العابدین کو نائب صدر منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔انہوں نے محمد ہارون (جنرل سیکریٹری)، رانا بلال (فنانس سیکریٹری)، نعمان نور (نائب صدر - لوئر کورٹس)، افضل سیال (جوائنٹ سیکریٹری)، سلیمان اعوان (سیکرٹری اطلاعات)، اور اسد شاہ (سیکرٹری ڈیجیٹل) سمیت دیگر نومنتخب عہدیداروں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔صوبائی وزیر قانون نے کہا کہ عدالتی رپورٹرز عدلیہ اور عوام کے درمیان پل کا اہم کردار ادا کرتے ہیں اور عدالتی رپورٹنگ میں ذمہ داری، دیانتداری اور پیشہ ورانہ مہارت انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب قیادت صحافیوں کے مسائل کے حل، ان کے حقوق کے تحفظ اور عدالتی رپورٹنگ کے معیار کو مزید بہتر بنانے کے لیے موثر انداز میں کام کرے گی۔

بقیہ نمبر 13

میں شفافیت بڑھے گی اور ہر ترقیاتی منصوبے کی مالی رپورٹنگ بروقت اور درست انداز میں ممکن ہو سکے گی۔حکام کے مطابق اس اقدام کا مقصد نہ صرف مالی نگرانی کے نظام کو مضبوط بنانا ہے بلکہ شہریوں کا اعتماد بھی بحال کرنا ہے تاکہ بلدیاتی امور میں شفافیت اور معیار کو یقینی بنایا جا سکے۔مزید بتایا گیا ہے کہ عدنان نواز کی تقرری کے بعد مالی کارکردگی کی جانچ پڑتال میں آسانی ہوگی اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے مختص فنڈز کے استعمال کی موثر نگرانی ممکن ہو سکے گی۔میونسپل حکام نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مقامی ترقیاتی سرگرمیوں اور فنڈز کے استعمال کے حوالے سے کمیٹی کے ساتھ رابطے میں رہیں اور کسی بھی بے ضابطگی یا شفافیت کے مسئلے کی نشاندہی کریں۔میونسپل کمیٹی کے مطابق یہ اقدام مقامی حکومت میں جوابدہی، شفافیت اور عوامی خدمت کے معیار کو بہتر بنانے کی کوششوں کا حصہ ہے، اور آئندہ بھی ایسے اقدامات جاری رکھے جائیں گے تاکہ شہریوں کا اعتماد مزید مضبوط ہو اور بلدیاتی نظام میں بہتری لائی جا سکے۔

بقیہ نمبر 14

لیے اس علاقے کی ترقی ان کی ترجیحات میں شامل ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ریلوے نے مختصر وقت میں متعدد اہداف حاصل کیے ہیں۔خیبر پختونخوا کے لیے عوامی سہولت کے تحت چھ ریکس مختص کی گئی ہیں، جو پشاور سے کراچی کے درمیان چل رہی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ ہزارہ ایکسپریس میں نئی اور ریفربشڈ بوگیاں شامل کی گئی ہیں تاکہ مسافروں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کی جاسکیں۔حنیف عباسی نے بتایا کہ پاکستان ریلوے کے ساتھ اسٹیشنز کو ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے، جبکہ کراچی سے روہڑی تک چھ سو ارب روپے کی لاگت سے نیا ریلوے ٹریک تعمیر کیا جا رہا ہے۔اس کے علاوہ روہڑی سے نوکنڈی تک ریلوے لائن کو چاغی کے معدنی وسائل سے منسلک کیا جائے گا، جس سے ملکی معیشت کو فائدہ پہنچے گا اور قازقستان، ترکمانستان سمیت دیگر وسط ایشیائی ممالک سے تجارتی روابط مضبوط ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ مسافر ٹرینوں اور مال بردار گاڑیوں کی آمدن میں نمایاں اضافہ ہوا ہے اور دسمبر کے مہینے میں پاکستان ریلوے نے دس ارب روپے کی ریکارڈ کمائی کی، جو ماضی کے تمام ریکارڈ توڑ چکی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ریلوے نے ایک کھرب روپے آمدن کا ہدف مقرر کیا ہے، جس کے حصول کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ پاکستان میں کارکردگی کی سیاست کی بنیاد میاں نواز شریف نے رکھی۔انہوں نے خیبر پختونخوا حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت مجاور نہ بنے اور وزیراعلیٰ کو ہیرو بننے یا اڈیالہ جیل کے باہر دھرنوں کے لیے منتخب نہیں کیا گیا بلکہ عوامی خدمت کے لیے مینڈیٹ دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 15

کی باقیات ورثاء ؒ کے حوالے نہیں کی گئیں، جبکہ بتایا یہ گیا کہ 87 افراد اس حادثے میں جاں بحق ہوئے ہیں۔ان کا کہنا ہے کہ سانحے سے پیپلز پارٹی کی کرپشن اور بے انتظامی کھل کر سامنے آگئی ہے، ان کے زیر انتظام چلنے والے سارے محکمے ایسی تصویر پیش کر رہے ہیں کہ شاید ان کے پاس کچھ نہیں۔امیر جماعت اسلامی کراچی نے کہا کہ آگ بجھانے والے ادارے کے پاس آگ سے بچاؤ کا لباس نہیں ہے، ریسکیو 1122 کے پاس بھی آلات موجود نہیں تھے، سول ڈیفنس، پی ڈی ایم اے سب محکمے تباہ ہیں۔انہوں نے کہا کہ میئر کراچی اور وزیر اعلیٰ اخلاقی جرأت کا مظاہرہ کر کے مستعفی ہو جاتے، ا?پ کی پارٹی کا ہی کوئی دوسرا آ جاتا۔منعم ظفر خان نے یہ بھی کہا کہ سندھ حکومت اربوں روپے کے کاغذی پیکجز کے اعلانات کر رہی ہے، بتایا گیا کہ کے ایم سی 46 ارب روپے کے ترقیاتی کام کرے گی۔

بقیہ نمبر 16

کہا کہ یہ شہر یتیم نہیں ہے ہم نے اپنے حصے کا قرض ادا کیا ہے، پاکستان اس شہر کی وجہ سے چل رہا ہے۔وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ وزیر اعظم نے 27 ویں آئینی ترمیم پر ہمیں یقین دہانی کروائی تھی، آئینی ترمیم صرف کراچی تک محدود نہیں، اندرون سندھ کے لیے بھی اختیارات مانگے، 27 ویں آئینی ترمیم میں سارے وفاقی وزراء ؒ نے ہماری ترمیم سے اتفاق کیا۔انہوں نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم میں بھی یہی مطالبہ رکھا مگر پیپلز پارٹی نہیں مانی، پنجاب اسمبلی نے بھی ایم کیوایم کی باتوں کو اپنی قرارداد کا حصہ بنایا، اسٹینڈنگ کمیٹی میں دو دن ہماری ترمیم زیر بحث رہی صرف پیپلز پارٹی راضی نہیں ہوئی۔وفاقی وزیر نے کہا کہ کراچی میں گٹر میں گر کر بچے مر رہے ہیں، میرے شہر کی ہر دوسرے دن کی خبر ہے کہ موبائل چھینتے ہوئے ڈاکوؤں نے بندہ مار دیا، کراچی میں جب چھوٹا موٹا کام شروع ہوا وزیر اعلیٰ نے لیٹر لکھ کر کام بند کروا دیا، جو سندھ حکومت 18 سال میں ہمیں اون نہیں کرسکی وہ آگے کیا کرے گی؟ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ذوالفقار بھٹو کے آئین میں ہے کہ صوبہ مسائل حل کرنے میں ناکام ہو تو وفاق مداخلت کرسکتا ہے، اس امن کو قائم رکھنے کے لیے ہم نے بڑی قربانی دی ہے، کسی کو گمان نہ ہو کہ یہ شہر یتیم ہے۔انہوں نے کہا کہ نیشنل ہیلتھ انسٹی ٹیوٹ نے نپاہ وائرس پر الرٹ جاری کیا ہے، پاکستان ابھی نپاہ وائرس سے محفوظ ہے، لوگ احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔

بقیہ نمبر 17

دوران عمارتوں میں نصب فائر ایکسٹنگویشرز، ہنگامی راستوں اور حفاظتی آلات کی عملی جانچ پڑتال کی گئی جبکہ 50 فٹ سے زائد بلند عمارت میں ریسکیو ٹیم نے ماک فائر ایکسرسائز کا عملی مظاہرہ کیا۔ڈرل کے ذریعے ممکنہ ہنگامی صورتحال میں لوگوں کے انخلا، ریسکیو آپریشن اور ابتدائی امداد کے طریقہ کار کا جائزہ لیا گیا۔اسسٹنٹ کمشنر نے کئی مقامات پر ناقص انتظامات پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ شہریوں کی جانوں کو خطرے میں ڈالنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔انہوں نے عمارت مالکان اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فوری طور پر فائر الارم سسٹم، سموک ڈیٹیکٹرز اور ایمرجنسی رسپانس ٹیمز (ERTs) کو فعال بنایا جائے جبکہ تمام کمرشل عمارتوں میں ایمرجنسی ایگزٹ سیڑھیوں کی تنصیب کو لازمی قرار دیا گیا۔بجلی کے کھلے اور لٹکتے تاروں کو حادثات کی بڑی وجہ قرار دیتے ہوئے ایس ڈی او واپڈا کو ہدایت کی گئی کہ دو لائن مین فوری فراہم کیے جائیں تاکہ میونسپل الیکٹریشن کے ساتھ مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے سڑکوں، بازاروں اور عمارتوں پر موجود خطرناک تاروں کا خاتمہ کیا جا سکے۔مزید برآں بجلی کے میٹرز کو کم از کم 8 فٹ کی بلندی پر منتقل کرنے کا حکم دیا گیا تاکہ شارٹ سرکٹ اور کرنٹ لگنے کے واقعات سے بچا جا سکے۔اس مہم کا آغاز پیر سے کیا جائے گا۔اسسٹنٹ کمشنر محمد نوید حیدر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حفاظتی اقدامات میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی اور جرمانے کیے جائیں گے۔شہریوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔دوسری جانب میونسپل کمیٹی کے فنانس سیکرٹری قاضی محمد نعیم نے بتایا کہ میونسپل کمیٹی انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہر کو محفوظ بنانے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں جو غیر قانونی تاروں، تجاوزات اور غیر محفوظ تنصیبات کے خلاف مسلسل کارروائیاں کریں گی۔شہریوں اور تاجر تنظیموں نے انتظامیہ کے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ ایسے معائنے وقتی نہیں بلکہ مستقل بنیادوں پر کیے جائیں تاکہ کسی بھی ممکنہ سانحے سے قبل حفاظتی خامیوں کو دور کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 18

اعظم نزیر تارڑ، ایڈوکیٹ جنرل پنجاب، پراسیکوٹر جنرل پنجاب سمیت دیگر سینیر وکلا نیشرکت کی، تقریب لاہور ہائیکورٹ کے سبز زار لان میں منعقد ہوئی۔لاہور ہائیکورٹ کیمستقل ہونے والے ججز صاحبان میں جسٹس حسن نواز مخدوم، جسٹس ملک وقار حیدر اعوان، جسٹس سردار علی اکبر اور جسٹس احسن رضا کاظمی شامل ہیں، جسٹس ملک اویس خالد، جسٹس اقبال ونیس، جسٹس محمد جواد ظفر، جسٹس خالد اسحاق، جسٹس ملک اویس خالد، جسٹس سلطان محمود، جسٹس تنویر احمد شیخ اور جسٹس عبہر گل خان بھی لاہور ہائیکورٹ کے مستقل جج بن گئے۔

بقیہ نمبر 19

کاونٹرز پر امیگریشن پراسیس کا جائزہ لیا۔وزارت داخلہ کے مطابق اس دوران وزیرداخلہ محسن نقوی بیرون ممالک جانے والے مسافروں سے ملے اور امیگریشن پراسیس کے بارے میں استفسار کیا۔انہوں نے سعودی عرب جانے والے بعض مسافروں کی سفری دستاویزات چیک کیں۔وزیرداخلہ نے ایف آئی اے حکام سے بعض مسافروں کی سفری دستاویزات کی تصدیق بھی کرائی۔اسا دوران بعض مسافر سوالات کے درست جواب دینے سے قاصر رہے اور اپنی ملازمت کے بارے بھی صحیح معلومات نہ دے سکے۔وزیرداخلہ نے نامکمل دستاویزات کے حامل 3 مسافروں کو روکنے والے ایف آئی اے کے اے ایس آئی عامر لاشاری کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ عامر لاشاری نے فرض شناسی کی اعلی مثال قائم کی ہے۔محسن نقوی نے کہا کہ ایسے باصلاحیت ایف آئی اے ملازمین ہمارا سرمایہ ہیں۔محسن نقوی نے کہا کہ نامکمل اور بغیر تصدیق شدہ دستاویزات کے حامل مسافروں کو کسی صورت سفر کی اجازت نہیں دی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ مسافروں کی آڑ میں پیشہ ور بھکاریوں کو ہرگز سفر کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان کی عزت سب سے زیادہ عزیز ہے، جس پر کسی صورت حرف نہیں آنے دیں گے۔انہوں نے کہا کہ درست دستاویزات کے حامل کسی مسافر کو سفر سے نہ روکا گیا ہے اور نہ روکا جائے گا۔وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان کے وقار کو بلند اور مسافروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا اولین ترجیح ہے۔ریجنل ڈائریکٹر ایف آئی اے کراچی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ نمبر 20

دم توڑ گئے۔اسپتال ذرائع کے مطابق بچے مختلف بیماریوں اور قوت مدافعت کم ہونے کے باعث زیر علاج تھے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ 1 ماہ میں مٹھی اسپتال میں مختلف امراض سے جاں بحق بچوں کی تعداد 50 ہوگئی ہے۔اس حوالے سے ایم ایس سول اسپتال مٹھی نے کہا ہے کہ بچوں کی موت کا سبب گھروں میں زچگیاں اور کم وزن کے ساتھ پیدائش ہے۔

بقیہ نمبر 21

سراج الحق نے خیبر پختون خوا کے ضلع کرک میں نجی ٹی وی سے گفتگو میں کہا ہے کہ پاکستان اس وقت مشکلات سے دو چار ہے اور خیبر پختون خوا حکومت اکیلے دہشت گردوں کے خلاف اقدامات نہیں کرسکتی۔انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ تمام سیاسی جماعتیں مل کر ایک شفاف انتخابات پر اتفاق کریں۔سابق امیر جماعت اسلامی نے مستقبل کے انتخابی لائحہ عمل کے حوالے سے بتایا ہے کہ آئندہ انتخابات میں ہم کسی کے ساتھ اتحاد نہیں کریں گے۔

بقیہ نمبر 22

الاقوامی بلین مارکیٹ میں آج ہفتے کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں 255 ڈالر کی بڑی نوعیت کی کمی کے نتیجے میں نئی عالمی قیمت 4 ہزار 5 9 8 ڈالر فی اونس کی سطح پر آ گئی ہے۔اسی طرح مقامی صرافہ بازاروں میں بھی آج کاروباری ہفتے کے آخری دن 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 25 ہزار 500 روپے کی بڑی کمی کے نتیجے میں نئی قیمت 5 لاکھ 11 ہزار 862 روپے کی سطح پر آ گئی جب کہ فی 10 گرام سونے کی قیمت 21 ہزار 2 6 8 روپے گھٹ کر 4 لاکھ 8 3 ہزار 839 روپے کی سطح پر آ گئی۔

بقیہ نمبر 23

خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے مادر وطن کے دفاع کا مقدس فریضہ سرانجام دیا ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے غیر متزلزل ہمت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور "فتنہ ہندوستان" کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا۔وفاقی وزیر نے اس عظیم جدوجہد میں جام شہادت نوش کرنے والوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھے گی اور انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں آپریشن آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گا اور ریاست کے دشمنوں کو ہر صورت ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔عبدالعلیم خان نے واضح کیا کہ پاک فوج اور دیگر سیکیورٹی ادارے ملک کے دفاع کے لیے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے اور دشمن عناصر کے سامنے "سیسہ پلائی ہوئی دیوار" کی طرح کھڑے ہیں۔آخر میں وفاقی وزیر نے کہا کہ ہر پاکستانی شہداء کے خاندانوں کے ساتھ دلی یکجہتی، احترام اور ہمدردی کے ساتھ کھڑا ہے۔

بقیہ نمبر 24

حوالے سے طلباء اور اساتذہ کے ساتھ مفصل گفتگو بھی کی۔ڈی جی آئی ایس پی آر نے سوشل میڈیا پر ریاست مخالف پروپیگنڈا کے حوالے سے طلباء کو مکمل آگاہی فراہم بھی کی۔یونیورسٹی آف گوادر کے طلباء کا اس موقع پر کہنا تھا کہ پاک فوج نے ہمیشہ ریاست، آئین اور قومی وقار کا دفاع کیا ہے جبکہ ڈی جی آئی ایس پی آر کی گفتگو نے ہمارے ذہنوں میں موجود ابہام کو دور کیا۔طلبا کا مزید کہنا تھا کہ ڈی جی آئی ایس پی آر نے شواہد کے ساتھ مس انفارمیشن کا تدارک کیا ہے جس کے باعث ہماری ڈی جی آئی ایس پی آر کے ساتھ یہ ملاقات کافی معلوماتی رہی۔طلباء نے ہر مشکل گھڑی میں قوم کے ساتھ کھڑے رہنے پر پاک فوج کے غیر متزلزل عزم کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 25

مجھ پر حملہ کردیا۔مجھے چھڑانے کے لیے ملک آصف کلیار ایڈووکیٹ، اور چوہدری جہانزیب ایڈووکیٹ آ گئے۔ملزمان نے ان پر بھی حملہ کردیا۔ملک آصف کلیار کو بٹ مارے اور تشدد کا نشانہ بنایا اور اس دوران آصف کلیار کی جیب سے سات ہزار روپے بھی نکال لئے۔پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے کارروائی شروع کردی ہے۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ